کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران نے یوم بنیان مرصوص کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ اس تاریخی فتح کا اصل سہرا فیلڈ مارشل عاصم منیر کو جاتا ہے، جن کی دور اندیش قائدانہ صلاحیت اور فولادی حکمت عملی نے چار گنا بڑے اور طاقتور دشمن کو ناکوں چنے چبوا دیے اور اسے شکست فاش سے دوچار کیا۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق کا دن پاکستانی قوم کے قومی اتحاد، عسکری مہارت اور دفاع وطن کے ناقابل تسخیر عزم کی روشن علامت........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ برس اسی تاریخی دن پاکستان کی بہادر مسلح افواج نے دشمن کی بزدلانہ جارحیت کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے اپنی پیشہ ورانہ برتری اور دفاعی صلاحیت کا عملی ثبوت دیا اور دشمن کے غرور کو خاک میں ملا دیا۔ سردار کھیتران نے کہا کہ افواج پاکستان نے جدید عسکری حکمت عملی، بے مثال جرأت اور فولادی عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے فضائی عزائم کو ناکام بنایا اور مادر وطن کی سرحدوں کی حفاظت کو یقینی بنایا۔ یہ فتح نہ صرف عسکری تاریخ کا ایک درخشاں باب ہے

بلکہ پوری قوم کے لیے سرفخر کا باعث بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ "بنیان مرصوص" کا قرآنی استعارہ ہمیں اتحاد، نظم و ضبط اور اجتماعی قوت کا ابدی درس دیتا ہے۔ آج کے اس یادگار دن ہم یہ عہد دہراتے ہیں کہ وطن عزیز کی سرزمین پر کبھی بھی دشمن کی نظر بد نہیں پڑنے دیں گے اور ہر قسم کی جارحیت کا بھرپور، فیصلہ کن اور ناقابل فراموش جواب دیا جائے گا۔

## معرکہ حق افواج پاکستان اور قوم کے اتحاد کی لازوال علامت ہے، بخت کاکڑ

**پاکستان اپنی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، صوبائی وزیر صحت**

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ معرکہ حق دفاع پاکستان کا درخشاں باب ہے، معرکہ حق دراصل افواج پاکستان اور قوم کے اتحاد اور استقامت کی لازوال علامت ہے۔ منگل کو معرکہ حق کی مناسبت اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ پاکستان کا معرکہ حق میں محض دشمن کو دندان شکن شکست دینا مقصود نہیں تھا بلکہ دفاعی میدان میں پیش قدمی ہمارا اہم ہدف تھا، ہم اپنے بزدل دشمن کو پیغام دے چکے ہیں پاکستان اپنی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا انہوں نے کہا ........ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کہ پوری قوم اپنی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کے تحفظ کے لئے افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق اس امر کی منادی ہے کہ بہادر افواج اور بہادر اقوام ملکر اپنی سرزمین کا تحفظ دلیری سے کرتی ہیں۔

## کوئٹہ کے منصوبوں کیلئے بجٹ میں خطیر رقم رکھی جائیگی، نسیم الرحمن ملاخیل

**سڑکوں کی تعمیر، پینے کے صاف پانی اور تعلیمی اداروں کی بہتری کے منصوبے ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جا رہے ہیں، نسیم الرحمان ملاخیل**

**حکومت عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کیلئے پرعزم، اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی مشیر ماحولیات**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا ہے کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور تعلیمی اداروں کی بہتری کے منصوبے ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جا رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ آئندہ بجٹ میں تعلیم، صحت، صفائی و بلدیات کے شعبوں میں نئے ترقیاتی منصوبوں کیلئے رقم مختص کی جائے گی اور عوامی فلاح و بہبود کیلئے جاری ترقیاتی منصوبوں میں مزید تیزی لائی ....... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

جائیگی کیونکہ حکومت عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی نسیم الرحمان ملاخیل نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کا عمل سخت کر دیا گیا ہے تاکہ شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ مشیر ماحولیات و تبدیلی نے اس بات پر زور دیا کہ تمام ترقیاتی کاموں میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے گا تاکہ معیار اور رفتار دونوں کو بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ترقیاتی کاموں کی نگرانی میں اپنا کردار ادا کریں اور کسی بھی تجویز یا شکایت کے لیے انتظامیہ سے بروقت رابطہ کریں تاکہ ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جا سکے۔

Zamana Quetta

## میر سرفراز بگٹی بلوچستان کا احساس محرومی ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، اقبال شاہ

**موجودہ حکومت کی کارکردگی ماضی کی حکومتوں سے بہت بہتر ہے، فوکل پرسن سی ایم**

کوئٹہ (اے این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ نے کہا ہے کہ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ صوبائی حکومت نے بلوچستان سے احساس محرومی کے خاتمے کا پختہ عزم کر رکھا ہے اور اس مقصد کے حصول کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کارکردگی نمایاں ہے اور اس کی مثال ماضی کی حکومتوں میں نہیں ملتی۔ سول سیکرٹریٹ میں پارٹی کے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے سید اقبال شاہ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں اور ان کے مسائل کے حل کیلئے بھرپور توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارکنوں کی فلاح و بہبود اور ان کے تحفظات کا ازالہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ عناصر بلاجواز مایوسی پھیلا کر پارٹی اور حکومت کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں، تاہم ایسے لوگ کسی صورت پارٹی کے خیر خواہ نہیں ہو سکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوام اور کارکنان کو چاہیے کہ وہ مثبت سوچ کے ساتھ ترقی کے عمل میں حکومت کا ساتھ دیں۔ سید اقبال شاہ نے کہا کہ موجودہ حکومت عوامی خدمت، شفافیت اور ترقی کے ایجنڈے پر کاربند ہے اور بلوچستان کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 06 MAY 2026 Page No. 17

# معرکہ حق بہادری اور ملکی دفاع کے عزم کی عظیم مثال ہے، علی مدد جتک

## پاکستان کا دفاع ناقابلِ تسخیر، دشمن کی ہر سازش کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے، رہنما پیپلز پارٹی

### فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان کی مسلح افواج نے دفاعی میدان میں پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جرات کا لوہا منوایا، خصوصی پیغام

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے معرکہ حق کی مناسبت سے اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ معرکہ حق دراصل قومی وحدت، جرات، بہادری اور ملکی دفاع کے عزم کی ایک عظیم مثال ہے، جس نے پوری دنیا پر واضح کر دیا کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے اور دشمن کی ہر سازش کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان کی مسلح افواج نے دفاعی میدان میں اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جرات کا لوہا منوایا، جبکہ پوری قوم نے .........

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ثابت کیا کہ پاکستانی قوم اپنی سرزمین کے تحفظ، سلامتی اور خودمختاری کے لئے ہر قربانی دینے کو تیار ہے۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ پاک افواج اور عوام نے ہمیشہ دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے اور یہ حقیقت ایک بار پھر ثابت ہوئی کہ بہادر قومیں اپنی دھرتی کے دفاع کے لیے اپنے خون کا نذرانہ پیش کرنے سے دریغ نہیں کرتیں انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور دفاع کیلئے پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملکی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق ہمیں اتحاد، نظم و ضبط اور حب الوطنی کا درس دیتا ہے اور یہی جذبہ پاکستان کو مزید مضبوط اور ناقابل شکست بنائے گا۔

# علی حسن زہری کی جانب سے حب کے اسکولوں کو ضروری سامان فراہم

## تعلیم کیلئے سہولیات کی فراہمی و عملی اقدامات ہمارا مشن ہے، رہنما پیپلز پارٹی

حب (آن لائن) گزشتہ روز ضلع حب میں ایک پروقار اور یادگار تقریب منعقد ہوئی جس میں پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے اپنی ذاتی حیثیت میں ضلع کے 18 اسکولوں میں کروڑوں .........

بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

روپے مالیت کا فرنیچر اور دیگر ضروریات فراہم کر کے ایک اہم سنگ میل عبور کیا اس اقدام کے ذریعے نہ صرف تعلیمی اداروں کی دیرینہ ضروریات پوری کر دی گئیں بلکہ طلبہ کو بہتر اور باوقار تعلیمی ماحول بھی میسر آ گیا۔ اس سے پہلے میر علی حسن زہری تقریب میں پہنچے تو عوام کے ایک ہجوم نے ان کا والہانہ استقبال کیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ تقریب میں ہزاروں کارکنان، عام شہریوں، قبائلی عمائدین، معززین علاقہ اور دیگر ممتاز شخصیات نے شرکت کی، جس سے اس اقدام کی اہمیت اور عوامی پذیرائی واضح طور پر نمایاں ہوئی۔ شرکاء نے اس کاوش کو تعلیم کے فروغ کی جانب ایک عملی اور دیرپا قدم قرار دیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میر علی حسن زہری نے کہا کہ تعلیم کیلئے سہولیات کی فراہمی اور عملی اقدامات اٹھانا ان کا مشن ہے، اس موقع پر یہ بات بھی نمایاں طور پر سامنے آئی کہ میر علی حسن زہری اور ان کی اہلیہ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی خدمات انتہائی قابل تحسین ہیں، جنہوں نے بغیر کسی تفریق کے پورے ضلع حب میں خواتین، بچوں اور نوجوانوں کیلئے یکساں فلاحی، ترقیاتی اور عوامی منصوبے شروع کیے ہیں اور سہولیات کی فراہمی کے لئے شب و روز کوشاں ہیں اور ضلع حب کو ایک مثالی ضلع بنا کر ہی دم لیں گے۔ مزید برآں مقررین نے کہا کہ حب کی ترقی اور خوشحالی کے لئے صدر آصف علی زرداری کا وژن بالکل واضح ہے اور ان کی خصوصی توجہ کے باعث حب میں سیکڑوں ترقیاتی منصوبے مکمل ہو چکے ہیں جبکہ متعدد منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔

# 5 مئی ہماری دفاعی تاریخ کا درخشاں باب ہے، صوبائی وزیر تعلیم

## آپریشن بنیان المرصوص کو سال مکمل ہونے پر پاک فوج کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں

## پاک فوج کے جوانوں نے اپنے لہو سے وفا کی داستانیں رقم کی ہیں، راحیلہ حمید خان درانی

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے معرکہ حق آپریشن بنیان المرصوص کو ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر پاک فوج اور تمام سیکورٹی اداروں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 5 مئی ہماری دفاعی تاریخ کا وہ درخشاں باب ہے جس نے دشمن کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ کیلئے خاک میں ملا دیا۔ صوبائی وزیر نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا پاک فوج کے جوانوں نے اپنے لہو سے وفا کی وہ داستانیں رقم کی ہیں جن پر پوری قوم .........

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کو فخر ہے۔ فیلڈ مارشل کی مدبرانہ اور جرات مندانہ قیادت میں پاکستان کا دفاع پہلے سے کہیں زیادہ ناقابل تسخیر ہو چکا ہے۔ آج ہماری سرحدیں محفوظ اور عوام کا سر فخر سے بلند ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جس طرح اس آپریشن کے ذریعے دشمن کی کمر توڑ دی گئی، اس نے ثابت کر دیا کہ پاکستان کی سالمیت پر آنچ آنے والے ہر ہاتھ کو توڑنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے۔ راحیلہ حمید درانی نے ملکی دفاعی استحکام پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پاکستان آج دنیا کے نقشے پر ایک طاقتور اور بااثر ملک کے طور پر ابھرا ہے۔ مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کو کم کرنے اور ثالثی کے حوالے سے پاکستان کا کردار آج پوری دنیا میں سراہا جا رہا ہے۔ ہماری مسلح افواج صرف سرحدوں کی محافظ نہیں بلکہ عالمی امن کی سفیر بھی ہیں۔ صوبائی وزیر تعلیم نے جذباتی انداز میں گفتگو کرتے ہوئے کہا وہ مائیں عظیم ہیں جن کے بیٹوں نے اس مٹی کی خوشبو بچانے کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے شہداء کا لہو پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ پاکستان قائم رہنے کے لئے بنا ہے اور اس کی بقا کی خاطر ہم ہر حد سے گزر جائیں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح اپنی فوج کے ساتھ کھڑی ہے اور وطن عزیز کی ترقی و خوشحالی کا سفر جاری رہے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 06 MAY 2026 Page No. 18

## تمام محکموں کو اپنے سسٹمز کو ڈیجیٹائز کرنا ہوگا، چیف سیکرٹری

### سیکرٹریٹ افسران و عملے کی حاضری میں نمایاں بہتری آئی، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) حکومتی منصوبہ بندی کے تحت گڈ گورننس روڈ میپ کے ذریعے انتظامی امور میں بہتری، دفتری کارکردگی میں اضافہ اور شہریوں کو بنیادی خدمات کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا جا رہا ہے۔ عوامی مسائل کے فوری حل، فیلڈ سطح پر نگرانی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل، افسران کی دفاتر میں حاضری اور ضلعی دفاتر میں سروس ڈلیوری کے معیار کو بہتر بنانے پر خاص توجہ دی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے ماہانہ سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ چیف سیکرٹری نے زور دیا کہ تمام محکموں کو اپنے سسٹمز کو ڈیجیٹائز کرنا ہوگا تاکہ کاغذی کارروائی کم ہو، اجلاس بلوچستان میں حکومتی کارکردگی کو بہتر بنانے اور عوامی فلاح کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے سیکرٹریٹ اور لائن ڈیپارٹمنٹس میں آفیسران اور عملے کی باقاعدہ حاضری کو یقینی بنانے کے لیے سخت ہدایات جاری کی گئیں۔ اجلاس کو اس موقع پر بتایا گیا کہ سول سیکرٹریٹ میں آفیسران و عملے کی حاضری میں نمایاں بہتری آئی ہے اور 80 فیصد تک حاضر رہتے ہیں اور اس میں مزید بہتری کی توقع ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اولین حکومتی ترجیح ہے، چیف سیکرٹری

### عوامی مسائل کے حل، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل، دفاتر میں حاضری اور سروس ڈلیوری کے معیار کی بہتری پر خاص توجہ دی جا رہی ہے

### فائل ٹریکنگ سسٹم اور پاکستان سٹیزن پورٹل پر عوامی شکایات کو فوری طور پر حل کرنے پر خصوصی توجہ دیں، شکیل قادر خان کی سیکرٹریز کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) حکومتی منصوبہ بندی کے مطابق گڈ گورننس روڈ میپ کے ذریعے انتظامی امور میں بہتری، دفتری ......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

کارکردگی میں اضافہ اور شہریوں کو بنیادی خدمات کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا جا رہا ہے۔ عوامی مسائل کے فوری حل، فیلڈ سطح پر نگرانی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل، آفیسران کی دفاتر میں حاضری اور ضلعی دفاتر میں سروس ڈلیوری کے معیار کو بہتر بنانے پر خاص توجہ دی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے ماہانہ سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں عوام کی فلاح و بہبود کے اقدامات، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل، دفاتر میں آفیسران و عملے کی حاضری کو یقینی بنانا،

CamScanner

# بین الصوبائی روابط، بلوچستان پولیس کو جدید تربیت فراہم کر رہے ہیں، آئی جی پنجاب

## زیر تربیت ڈی ایس پیز کی ملاقات، فیلڈ ڈیوٹی کے ساتھ آفس مینجمنٹ اور ایڈمنسٹریشن کا تجربہ بھی انتہائی ضروری ہے، عبدالکریم

لاہور (این این آئی) بلوچستان پولیس کے تیسرے سپیشلائزڈ ٹریننگ کورس میں شامل زیر تربیت افسران نے سنٹرل پولیس آفس کا دورہ کیا اور آئی جی پنجاب عبدالکریم سے ملاقات کی۔ زیر تربیت افسران میں بلوچستان پولیس میں نئے بھرتی ہونے والے 35 ڈی ایس پیز شامل تھے۔ کورس کے شرکا نے کرائم کنٹرول، انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ، سمارٹ پولیسنگ اور پبلک سروس ڈیلیوری سمیت مختلف شعبوں میں پنجاب پولیس کی شاندار کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع پر آئی جی پنجاب عبدالکریم نے بلوچستان پولیس کے افسران سے ٹریننگ اور فیلڈ تجربات کے بارے میں دریافت کیا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے مخلوط پنجاب ویژن کے تحت پولیس فورس کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بین الصوبائی روابط کے فروغ کیلئے بلوچستان، سندھ سمیت دیگر صوبوں کے پولیس افسران کو جدید تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پولیس افسران کیلئے فیلڈ ڈیوٹی کے ساتھ ساتھ آفس مینجمنٹ اور ایڈمنسٹریشن کا تجربہ بھی انتہائی ضروری ہے۔ آئی جی پنجاب کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے افسران پنجاب پولیس سے تربیت حاصل

بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

کرنے کے بعد اپنے پیشہ ورانہ کیریئر میں مزید بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ آئی جی پنجاب نے زیر تربیت ڈی ایس پیز کو ہدایت کی کہ وہ ٹریننگ کو لگن اور لگن کے ساتھ مکمل کریں اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے جرائم کی سرکوبی اور پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے افسران کے سوالات کے مدلل جوابات دیتے ہوئے ان کی رہنمائی بھی کی۔ زیر تربیت افسران نے آئی جی پنجاب کو فیلڈ ٹریننگ کے دوران حاصل ہونے والے تجربات اور مشاہدات سے آگاہ کیا۔ ملاقات کے اختتام پر آئی جی پنجاب اور وفد کے مابین سوونیئرز کا تبادلہ بھی کیا گیا۔ بعد ازاں زیر تربیت افسران نے سی پی او میں پولیس میوزیم، شہداء وال اور مختلف برانچز کا دورہ کیا۔ شرکا کو لا اینڈ آرڈر، کرائم کنٹرول، آپریشنز، انویسٹی گیشن، ٹریفک مینجمنٹ اور پبلک سروس ڈیلیوری سمیت مختلف شعبہ جات کی ورکنگ بارے بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس عمران ارشد اور ایڈیشنل آئی جی ٹریننگ عاصم گرا سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

# بلوچستان پر بنائے گئے ڈرامے کروڑوں میں خریدنے کے بعد نشر نہ ہونے کا انکشاف

## صوبے کی زبوں حالی، قبائلی رسم و رواج اور پسماندگی پر بنائے جانے والے 12 کروڑ روپے کے ڈرامے خرید کر ردی کی ٹوکری میں ڈال دیئے گئے، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

## پی ٹی وی حالات پر افسوس ہوتا ہے، اگر یہ ڈرامے چلانے نہیں تھے تو خریدے کیوں گئے تھے، کنوینر کمیٹی، ڈراموں میں بلوچستان کے حوالے سے کانٹینٹ کا مسئلہ تھا، سیکرٹری اطلاعات

اسلام آباد (آن لائن) بلوچستان کی زبوں حالی، قبائلی رسم و رواج اور پسماندگی پر بنائے جانے والے 12 کروڑ روپے کے ڈرامے خرید کر ردی کی ٹوکری میں ڈال دیئے گئے، ڈرامے خریدنے اور اس معاملے کو دیکھنے والے تمام افسران ریٹائرڈ ہو گئے۔ منگل کو پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقدہ پبلک اکاؤنٹس کی ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں آڈٹ حکام نے انکشاف کیا کہ پی ٹی وی نے 12 کروڑ کے ڈرامے خرید کر نشر نہیں کئے۔ جس پر کنوینر کمیٹی معین عامر نے کہا کہ اگر یہ ڈرامے چلانے نہیں تھے تو خریدے کیوں گئے تھے۔ کمیٹی کو سیکرٹری اطلاعات نے بتایا کہ جس افسر نے ڈرامے خریدے وہ افسر ریٹائر ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان ڈراموں میں بلوچستان کے حوالے سے کانٹینٹ کا مسئلہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے کو دیکھنے والے تمام لوگ ریٹائر ہو چکے

بقیہ نمبر 38 صفحہ 5 پر

ہیں۔ رکن کمیٹی سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ اس معاملے میں کسی کو تو ذمہ دار ٹھہرانا ہوگا۔ کنوینر کمیٹی نے کہا کہ پی ٹی وی کے حالات پر بہت افسوس ہوتا ہے۔

# عوام کی جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے، ایس پی ڈیرہ بگٹی

## جوانوں کو فرائض کی ادائیگی میں درپیش مسائل کا حل یقینی بنایا جائے گا، ضیاء الحق مندوخیل کی گفتگو

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) سپرنٹنڈنٹ پولیس ضلع ڈیرہ بگٹی ضیاء الحق مندوخیل نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کی حفاظت پولیس کی اولین جبکہ پولیس اہلکاروں کو دوران فرائض ادائیگی میں درپیش مسائل کا حل ان کی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں پولیس کو وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور آئی جی

بقیہ نمبر 9 صفحہ 5 پر

پولیس کی بھرپور مدد و تعاون حاصل ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز لیویز کے پولیس میں ضم ہونے والے جونیئر رینک افسران کریکل اسٹاف اور فورتھ کلاس ملازمین سے گفتگو کرتے ہوئے کی۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے بتایا کہ مختصر وقت میں کوشش کی کہ نا صرف شہریوں کو جان و مال کی تحفظ حاصل ہو بلکہ شب و روز اپنی ذمہ داریوں کو نبھانے والے پولیس جوانوں کو بھی ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے ضم ہونے والے افسران و اہلکاروں کو یقین دلایا کہ وہ بحیثیت ضلعی سربراہ ان کو ہر وہ سہولت فراہم کریں گے جس کے وہ حقدار ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 06 MAY 2026 Page No. 21

# سرکاری محکموں کے ذمے کیسکو کے بقایاجات 47 ارب سے تجاوز کر گئے

**کیسکو کا نادہندہ صارفین کے بجلی کے کنکشنز منقطع کرنے کا فیصلہ بلوں کی مد میں وصولی نہ ہونے سے ادارے کو مشکلات کا سامنا**

**وفاقی وصوبائی محکموں سمیت گھریلو و کمرشل صارفین کو بقایاجات کی ادائیگی کیلئے نوٹسز جاری کر دیے ہیں' چیف ایگزیکٹو آفیسر**

**صوبے میں گھریلو کمرشل نادہندگان کے کنکشنز منقطع کرنا شروع کر دیے' انجینئر یوسف شاہ' واجبات کی ادائیگی کی اپیل**

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے صوبہ کے تمام علاقوں میں نادہندہ صارفین کے بجلی کے کنکشنز منقطع کرنے کا فیصلہ کیا ہے جہاں صارفین کی جانب سے بلوں کی مد میں وصولی نہیں ہو رہی اور وہ اپنے ذمہ بقایاجات بھی.........

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

ادائیگی میں ناکام رہے ہیں۔ اس سلسلے میں کیسکو نے تمام وفاقی، صوبائی، سرکاری و نجی اداروں سے واجبات کی وصولی کیلئے نادہندگان کے خلاف خصوصی مہم میں نادہندگان کے بجلی کے کنکشنز منقطع کیے جا رہے ہیں کیونکہ اس سلسلے میں پہلے ہی تمام صوبائی، وفاقی اور دیگر نادہندگان کو نوٹسز بھی جاری کر دیے گئے ہیں جبکہ گھریلو و کمرشل صارفین کو بقایاجات کی ادائیگی کیلئے ان کے بجلی بل پر نوٹس ارسال کیے جا چکے ہیں لیکن تاحال نادہندگان کی جانب سے ابھی تک کوئی مثبت پیش رفت سامنے نہیں آئی ہے۔ اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے تمام آپریشن سرکلز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اپنے زیر انتظام علاقوں میں تمام نادہندہ سرکاری محکموں اور دیگر نادہندہ صارفین سے بقایاجات کی وصولی کے عمل کو تیز کریں۔

# حکومت کا ملازمین کو یکمشت پینشن دیکر فارغ کرنے کا فیصلہ

**مالیاتی اداروں کے ملازمین گولڈن ہینڈ شیک کے ذریعے پینشن دیکر ماہانہ پینشن سسٹم ختم کرنے کا بھی فیصلہ**

کوئٹہ (اے این این) وفاقی وصوبائی ملازمین کو یکمشت پینشن دے کر فارغ کرنے کا فیصلہ، ذرائع کے مطابق تمام وفاقی وصوبائی ملازمین جس میں تمام ادارے مالیاتی اداروں کے ملازمین گولڈن ہینڈ شیک کے ذریعے پینشن دیکر ملک بھر میں ماہانہ پینشن سسٹم ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا اس سے پہلے جتنے ملازمین ریٹائر ہو گئے سب کو باقاعدگی باقی بچی پینشن کی یکمشت ملکت ادائیگی کرنے کا فیصلہ کیا ملک پر غیر ضروری بوجھ کم کرتا ہے ریٹائر ملازمین کے کسی.........

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بھی احتجاج کو قبول نہیں کیا جائے گا یکمشت پینشن گولڈن ہینڈ شیک 30 جون 2026ء کو پیش کر کے اس ترمیم کو حتمی اور قانونی شکل دیکر پاس کیا جائے گا ملازمین کی سروس 60 سے کم کر کے 50 کرنے کا حتمی فیصلہ بھی متوقع ہے کہ سرکاری نجی مالیاتی اداروں میں ملازمین کی سروس محدود کرنے کا فیصلہ بھی حتمی ہوگا عید الاضحیٰ کی تنخواہیں ملازمین کو 20 مئی 2026ء سے جاری کی جائیں گی۔

# گوادر سے دیگر شہروں کیلئے فلائیٹ آپریشن جلد شروع ہوگا

**پنجگور، مکران ودیگر سامان کی منڈیوں تک ترسیل میں مدد ملے گی، چیئرمین پی آئی اے**

گوادر (این این آئی) کراچی میں چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ کی ساؤتھ ایئر کے ایڈوائزر ٹو چیئرمین ایئر وائس مارشل (ر) اعجاز محمود ملک سے اہم ملاقات ہوئی جس میں گوادر سے ملک کے بڑے شہروں کے لیے فضائی روابط کے آغاز پر تفصیلی تبادلہ.........

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ساؤتھ ایئر کی جانب سے اعلان کیا گیا کہ جون کے پہلے ہفتے سے گوادر سمیت مکران کے دیگر شہروں تربت اور پنجگور سے باقاعدہ فلائٹ آپریشن شروع کیا جائے گا۔

# گوادر تا جیکب آباد ریلوے لائن کیلئے زمین کا حصول شروع

**ریلوے لائن گوادر، تربت، پنجگور، بسیمہ، خضدار اور جیکب آباد کو آپس میں ملائے گی**

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے ایک بڑے منصوبے کیلئے پیشرفت کے طور پر گوادر سے جیکب آباد تک مجوزہ ریلوے لائن منصوبے کے لیے زمین کے حصول کا عمل باضابطہ طور پر شروع کر دیا گیا، یہ ریلوے لائن گوادر، تربت، پنجگور، بسیمہ، خضدار اور.........

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

جیکب آباد کو آپس میں ملائے گی۔ یہ پیشرفت پاکستان کی اس حکمت عملی کے تناظر میں اہم قرار دی جا رہی ہے جس کے تحت ایران تک سامان کی ترسیل کے لیے متبادل راستے کھولنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ان راستوں میں گوادر، گبد روٹ سب سے مختصر سمجھا جاتا ہے جس سے ترسیلی وقت میں تقریباً 87 فیصد تک کمی متوقع ہے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 06 MAY 2026 Page No. 22

# صحت کے شعبے میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی جائیگی، بلال کاکڑ

## سرمایہ کاری کا عمل آسان اور شفاف بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، اجلاس

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی زیر صدارت مقامی سرمایہ کاروں کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلوچستان کے شعبہ صحت میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں صوبے میں صحت کی سہولیات کو جدید خطوط پر استوار کرنے، نجی شعبے کی شمولیت بڑھانے اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے نئے منصوبوں کے آغاز پر زور دیا گیا۔ شرکاء کو ہسپتالوں کے قیام، جدید طبی آلات کی فراہمی سمیت اسپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر سروسز میں سرمایہ کاری کے مواقع سے آگاہ کیا گیا۔ بلال خان کاکڑ نے اس موقع پر کہا کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور سرمایہ کاری کے عمل کو آسان اور شفاف بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

# کوئٹہ: سردار اختر مینگل کی انسداد دہشتگردی عدالت میں پیشی، ضمانت منظور

## ماؤں اور بیٹیوں کے لیے آواز اٹھائی، جعلی کیسز کے ذریعے ہمیں نہیں روکا جاسکتا، گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کوئٹہ میں انسداد دہشت گردی کی عدالت میں پیش ہوئے۔ ان کے ساتھ ان کے وکیل اور پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ، پارٹی وکیل اور مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ بھی پیش ہوئے۔ اس موقع پر پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ واضح رہے کہ سردار اختر جان مینگل کے خلاف کچھ عرصہ قبل دھرنا اور جلسہ کرنے پر دہشت گردی کی ایف آئی آر درج کی گئی تھی۔ عدالت میں مذکورہ کیس کی سماعت ہوئی ساجد ترین ایڈووکیٹ کے دلائل کے بعد عدالت نے سردار اختر جان مینگل کی ضمانت منظور کرتے ہوئے سماعت اگلی تاریخ تک ملتوی کردی۔ اس موقع پر سردار اختر جان مینگل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اس لیے نشانہ بنایا جارہا ہے کہ ہم اپنے نظریے پر سمجھوتہ نہیں کرتے، ہم نے بلوچستان کی ماؤں اور بیٹیوں کے لیے، لاپتہ افراد کے لیے اور ان تمام جبر کے خلاف آواز اٹھائی ہے جہاں بہت سے لوگ بات بھی نہیں کرسکتے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 06 MAY 2026 Page No. 24


## مانجھی پور' موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے سبزی فروش ہلاک

**مسلح افراد عبدالنبی کھوسو کو قتل کرنے کے بعد بازار میں فائرنگ کرتے ہوئے باآسانی فرار**

**لواحقین کا دھرنا' سندھ بلوچستان کو ملانے والے شاہراہ ٹریفک کیلئے بند**

مانجھی پور (آن لائن) پنہور سنبھوی کی مین بازار میں نامعلوم موٹر سائیکل پر سوار دو مسلح افراد نے فائرنگ کرکے سبزی فروش کو قتل کرکے آسانی سے فرار ہوگئے ورثاء کا احتجاج' پولیس کے خلاف شدید نعرے بازی تفصیلات کے مطابق پنہور سنبھوی کی مین بازار میں نامعلوم موٹر سائیکل پر سوار دو مسلح افراد نے سبزی فروش عبدالنبی کھوسو کو فائرنگ کرکے قتل کردیا اور ......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر


بازار میں فائرنگ کرتے ہوئے آسانی سے فرار ہوگئے بعدازاں ورثاء اور شہریوں نے پرزور احتجاج کرتے ہوئے سندھ بلوچستان پل کو بند کرکے ٹائر جلائے اور پنہور سنبھوی پولیس کے خلاف شدید نعرے بازی کی ورثاء اور شہریوں کا کہنا تھا کہ پولیس چوکی سے چند قدم پر موت کا کھیل کھیلا گیا مگر پولیس نے موقع پر کوئی مزاحمت نہیں کی ورثاء کا مزید کہنا تھا کہ ہماری کسی سے کوئی دشمنی نہیں ہے پولیس نے لاش کو تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کردیا دوسری جانب پولیس کا کہنا ہے کہ جلد سے جلد قاتلوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دلائیں گے۔

## بھاگ: مسلح افراد کی فائرنگ سے خاتون جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بھاگ مسلح افراد کی فائرنگ سے خاتون جاں بحق ملزمان فرار' پولیس کے مطابق بھاگ سٹی قریب آباد محلے میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک خاتون جاں بحق پولیس نے جائے وقوع پر پہنچ کر لاش تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی تاہم قتل کی وجہ فوری طور پر معلوم نہ ہوسکی۔

## تربت: مسلح ڈاکو بینک سے 8 لاکھ سے زائد رقم لوٹ کر فرار

**ڈاکوؤں نے گارڈ سے اسلحہ بھی چھین لیا' بینک کو آگ لگانے کی کوشش ناکام**

**پولیس کی بروقت کارروائی سے بینک جلنے سے بچ گیا' لاکر میں موجود رقم محفوظ**

تربت (آن لائن) مسلم کمرشل بینک کی مین بازار سونار گلی میں قائم برانچ کو مسلح ڈاکوؤں نے لوٹ لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزمان بینک کاؤنٹر سے 8 لاکھ 34 ہزار 700 روپے نقدی لے گئے جبکہ بینک کے نجی سیکورٹی گارڈ سے ایک رائفل اور ایک پسٹل بھی چھین کر فرار ہوگئے۔ ڈاکوؤں نے بینک کو آگ لگانے کی کوشش بھی کی تاہم تربت پولیس کی بروقت کارروائی ......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر


کے باعث بینک جلنے سے بچ گیا اور لاکرز میں موجود رقم محفوظ رہی۔

## کوئٹہ: نامعلوم چور جیولری دکان کے تالے توڑ کر زیورات لے اڑے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کلی کمالو میں نامعلوم چور جیولری کی دکان کے تالے اور شٹر توڑ کر لاکھوں روپے مالیت کے زیورات لے اڑے پولیس کے مطابق سریاب کے علاقے کلی کمالو میں نامعلوم افراد نے جیولری کی دکان کے تالے اور شٹر توڑ کر دکان میں رکھے لاکھوں روپے مالیت کے زیورات لوٹ کر فرار ہوگئے پولیس نے بتایا کہ تاحال جیولر کی جانب سے کوئی رپورٹ درج نہیں کرائی گئی۔

## کوئٹہ ڈبل روڈ پر گولی لگنے سے موٹر سائیکل سوار نوجوان زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈبل روڈ پر گولی لگنے سے موٹر سائیکل سوار نوجوان زخمی ہوگیا پولیس کے مطابق جان محمد روڈ کا رہائشی عبداللہ ولد غلام حیدر گزشتہ روز اپنے کزن کے ہمراہ موٹر سائیکل پر ڈبل روڈ پر جارہا تھا کہ گولی لگنے سے زخمی ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمی کو ہسپتال پہنچایا' پولیس نے بتایا نوجوان اپنی ہی پسٹل سے گولی چلنے سے زخمی ہوا پولیس مزید تحقیقات کررہی ہے۔

## کرائم برانچ لورالائی ریجن کی کارروائی ڈکیتی میں ملوث سابق پولیس کانسٹیبل گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کرائم برانچ لورالائی ریجن نے ڈکیتی میں ملوث سابق پولیس کانسٹیبل کو گرفتار کرکے واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی قبضے میں لے لی پولیس کے مطابق ڈی آئی جی کرائم برانچ ڈاکٹر فرمان زاہد ہدایت پر ریجنل افسر ڈی ایس پی کمال خان کاکڑ کی سربراہی میں کرائم برانچ لورالائی ریجن کی ٹیم نے ہسپتال محلہ میں چھاپہ مار کر ڈکیتی میں ملوث سابق پولیس کانسٹیبل محمد انور حمزہ زئی کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق ملزم 2025 میں کلی توبجی کے مقام پر ایک پرچون سے لوڈ ڈالسن پک اپ کو اسلحہ کے زور پر چھیننے کی واردات میں ملوث تھا' اور ڈرائیور کے ہاتھ پاؤں باندھ کر اسے ویرانے میں پھینک دیا گیا تھا۔

## اوستہ محمد: سنگین جرائم میں مطلوب 3 روپوش ملزمان گرفتار

استا محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد ایس ایچ او سٹی ندیم بحرانی کی بڑی کارروائی سنگین جرائم میں مطلوب 3 روپوش ملزمان گرفتار عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمن کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد محمد داؤد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی اوستہ محمد ندیم احمد بحرانی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے تین ملزمان فیاض شاہ ولد عنایت شاہ قوم سید ساکن اوستہ محمد یعقوب عرف اڈرو ولد گلشیر قوم گوپانگ ساکن اوستہ محمد شہزادہ ولد میر حسن قوم گھسی ساکن اوستہ محمد کو گرفتار کرلیا مزید کارروائی مقامی پولیس کررہی ہے۔۔۔

## برنائی: مسلح افراد نے تین کانکنوں کو اغواء کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع ہرنائی سے تین کانکنوں کو اغواء کرلیا گیا۔ سیکورٹی فورسز حکام کے مطابق منگل کو ہرنائی میں زہری لیز کے علاقے سے ایک کوئلہ کان سے تین کان کنوں عبدالرزاق، عصمت اللہ اور ......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر


حمید اللہ کو نامعلوم مسلح افراد نے اغواء کرلیا اور نامعلوم سمت کی جانب روانہ ہوگئے۔ واقعہ کے بعد سیکورٹی فورسز نے علاقے میں ناکہ بندی کرکے مغویوں کی تلاش شروع کردی۔ مزید کارروائی جاری ہے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 06 MAY 202_ Page No. 25


# پنجگور، لوڈشیڈنگ کے دوران خداباداان ٹیلیفون ایکسچینج بند

## صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا، بیٹریاں ناکارہ ہوگئیں، متعلقہ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

پنجگور (نمائندہ انتخاب) لوڈشیڈنگ کے دوران خداباداان ٹیلیفون ایکسچینج بند، صارفین کو شدید مشکلات پنجگور کے علاقے خداباداان میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے دوران پی ٹی سی ایل کا ٹیلیفون ایکسچینج بھی کام چھوڑ دیتا ہے، جس کے باعث لینڈ لائن اور انٹرنیٹ سروس کئی کئی گھنٹوں تک معطل رہتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق خداباداان ٹیلیفون ایکسچینج کی بیٹریاں کمزور اور ناکارہ ہو چکی ہیں، جس کے باعث بجلی بند ہوتے ہی ایکسچینج مکمل طور پر غیر فعال ہو جاتا ہے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ پی ٹی سی ایل بلوں کی

بقیہ نمبر21 صفحہ 5 پر

مد میں کروڑوں روپے وصول کر رہا ہے، تاہم بنیادی سہولیات کی فراہمی میں ناکام دکھائی دیتا ہے۔ مقامی شہریوں اور صارفین نے متعدد بار متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ایکسچینج کے بیک اپ سسٹم کو فوری طور پر فعال بنایا جائے، مگر تاحال اس مسئلے کے حل کے لیے کوئی عملی اقدامات نہیں کیے گئے۔

MEEZAN QUETTA

# کیچ، شدید گرمی، گرین بس سروس کے اسٹاپس پر بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی

## شہریوں، خصوصاً خواتین، بچوں اور بزرگ کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا

تربت (این این آئی) ضلع کیچ میں شدید گرمی کے باوجود گرین بس سروس کے اسٹاپس پر بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی نے شہریوں، خصوصاً خواتین، بچوں اور بزرگ کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ 40 ڈگری سینٹی گریڈ کی تپتی دھوپ میں بھی بس اسٹاپس پر کسی قسم کی سایہ دار شیلڈ یا انتظار گاہیں قائم نہیں کی گئیں، جس کے باعث مسافروں کو کھلے آسمان تلے طویل انتظار کرنا پڑتا ہے۔ شہریوں کے مطابق خواتین، بزرگ افراد اور معصوم بچے روزانہ 30 سے 40 منٹ تک سخت گرمی میں بس کا انتظار کرنے پر مجبور ہیں۔ اس دوران نہ صرف ان کی حالت غیر ہو جاتی ہے بلکہ کئی افراد گرمی سے متعلق بیماریوں جیسے ہیٹ اسٹروک، ڈی ہائیڈریشن اور دیگر امراض میں بھی مبتلا ہو رہے ہیں۔

Zamana Quetta

# کوئٹہ کے مصروف بازاروں اور شاہراہوں پر تجاوزات برقرار

## فٹ پاتھ اور سڑکیں سامان، ریڑھیوں اور اسٹینڈز سے بند، شہریوں کا فوری کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف مصروف تجارتی مراکز اور اہم شاہراہوں پر تجاوزات ایک سنگین مسئلہ بنتی جا رہی ہیں، جہاں بعض دکانداروں اور ریڑھی بانوں کی جانب سے سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر ناجائز قبضوں کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ شہر کے اہم کاروباری علاقوں جن میں لیاقت بازار، پرنس روڈ، مسجد روڈ، قندھاری بازار، جناح روڈ، ڈبل روڈ اور جائنٹ روڈ شامل ہیں، وہاں دکانداروں کی جانب سے دکانوں کا سامان فٹ پاتھوں اور سڑک کنارے رکھ دیا جاتا ہے، جس کے باعث پیدل چلنے والوں کے لیے گزرنا دشوار ہو گیا ہے۔ کئی مقامات پر ورک اسٹینڈز، لوہے کے پنجروں، شٹر سامان اور دیگر اشیا نے عوامی راستوں کو محدود کر دیا ہے شہریوں کے مطابق تجاوزات کی وجہ سے بزرگ افراد، خواتین، بچوں اور مریضوں کو آمد و رفت میں شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ فٹ پاتھ پیدل چلنے والوں کے لیے مخصوص ہونے کے باوجود مکمل طور پر بند نظر آتے ہیں، جس کے باعث شہری مجبوراً سڑکوں پر چلتے ہیں اور ٹریفک حادثات کا خطرہ بڑھ جاتا ہے یو این اے کے مطابق متعدد علاقوں میں ریڑھی بان بھی اپنی ریڑھیاں اور گاڑیاں فٹ پاتھوں اور اہم گزرگاہوں پر کھڑی کر دیتے ہیں، جس سے نہ صرف راستے بند ہو جاتے ہیں بلکہ ٹریفک کی روانی بھی شدید متاثر ہوتی ہے۔ مصروف اوقات میں ان علاقوں میں گاڑیوں کی لمبی قطاریں معمول بن چکی ہیں کوئٹہ شہری حلقوں نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ اور انگرو جمنٹ عملے سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف فوری اور بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB HUB

Bullet No. 6

Dated: 05 MAY 2026

Page No. 26

# چاغی بی ایچ سی آئی پی کے اساتذہ تنخواہوں سے محروم

## متعلقہ این جی اوز کے جانب سے دو مہینے تنخواہ جاری کرنا ظلم کے مترادف ہیں حکام نوٹس لیں، متاثرین

چاغی (نامہ نگار) ضلع چاغی میں محکمہ ایجوکیشن بی ایچ سی آئی پی کے توسط میں کنٹریکٹ بھرتی ہونے والے اساتذہ ایک سال سے تنخواہوں سے محروم، متعلقہ این جی اوز کے جانب سے دو مہینے تنخواہ جاری کرنا ظلم کے مترادف ہیں حکام نوٹس لیں، تفصیلات کے مطابق ضلع چاغی کے محکمہ ایجوکیشن میں بی ایچ سی آئی پی کنٹریکٹ میں بھرتی ہونے والے زائد اساتذہ کو گذشتہ ایک سال سے تنخواہوں کی ادائیگی نہ ہوسکی ہیں محکمہ ایجوکیشن کے یہ ملازمین ضلع چاغی کے مختلف اسکولوں میں بغیر تنخواہ کے ایک سال سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں جب سے محکمہ ایجوکیشن بی ایچ سی آئی پی کے یہ ملازمین بھرتی کیے گئے ہیں تاحال انہیں تنخواہیں نہیں دی گئی ہیں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے سبب محکمہ ایجوکیشن کے یہ ملازمین سخت مسائل اور مشکلات سے دوچار ہیں متعلقہ این جی اوز کے جانب سے دو مہینے کے تنخواہ جاری کرنا ظلم کے مترادف ہیں چاغی کے عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی۔ صوبائی وزیر راحیلہ درانی، چیف سیکریٹری بلوچستان، ڈی سی چاغی جہانزیب نور شاہوانی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محمد یوسف ابڑو سے مطالبہ کیا ہیں کہ ضلع چاغی کے محکمہ ایجوکیشن بی ایچ سی آئی پی کنٹریکٹ میں بھرتی ہونے والے اساتذہ کے مکمل تنخواہوں کی ادائیگی کو یقینی بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

# خضدار میں انٹرنیٹ سروسز کی بحالی کو یقینی بنایا جائے، عوامی حلقے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار بلوچستان کا دوسرا بڑا شہر اور کاروباری اور تجارتی مراکز میں ڈی پورٹ کی حیثیت رکھتے ہیں ابھی ایک سال سے زائد ہو رہا ہے انٹرنیٹ سروس کی بندش علاقہ کے تجارتی کاروباری لحاظ سے علاقہ کو بھاری نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے ایک طرف ڈیجیٹل دنیا آگے بڑھ رہی ہے، دوسری جانب خضدار کے باسی اپنے بنیادی حق انٹرنیٹ سے محروم ہو کر بے بسی کا شکار ہیں اتنے دن گزر جانے کے باوجود تاحال کسی قسم کی بحالی کا عمل شروع نہیں کیا گیا اس غیر یقینی صورتحال میں سب سے زیادہ متاثر طلبہ وطالبات اور کاروباری طبقہ کا ہوا ہے، جن کی روزمرہ سرگرمیاں امتحانات کی تیاریاں آن لائن کلاسز مکمل طور پر معطل ہو چکی ہیں افسوسناک امر یہ ہے کہ خضدار سے ووٹ لے کر اسمبلیوں کے ایوانوں تک پہنچنے والے ہمارے نمائندوں مکمل طور پر خاموش اور غائب اسکرین سے غائب ہیں اور ان سے کوئی حال پوچھنے والا نہیں ہے نہ ہی کوئی قدم اٹھانے والا اگر کسی مجبوری یا تکنیکی خرابی کے باعث پی ٹی سی ایل یا دیگر ادارے انٹرنیٹ سروس فراہم کرنے سے قاصر ہیں تو اس کا متبادل بندوبست کیوں نہیں کیا جا رہا ہے انٹرنیٹ مہیا کرنے والے نجی انٹرنیٹ کمپنیاں ہر طرف سے عوام کو صرف دھوکہ اور وعدوں کے سوا کچھ نہیں ملا ہے نجی کمپنیوں نے تو اس موقع کو کمائی کا ذریعہ بنالیا ہے ایک کنکشن کے تیس سے چالیس چارجز وصول کر رہے ہیں، اور کوئی ان سے پوچھنے والا نہیں یہ صرف انٹرنیٹ کا مسئلہ نہیں یہ ایک پورے شہر کو ڈیجیٹل طور پر تنہا کرنے کا مسئلہ ہے یہ آواز صرف خضدار کی نہیں یہ ہر اس شخص کی ہے جو بنیادی سہولیات سے محروم ہے جو ترقی کے خواب دیکھتے ہوئے اندھیرے میں ہے عوامی حلقوں ہے کہ اعلیٰ حکام سے فوری طور پر نوٹس لینے اور خضدار کے عوام کو اس مشکل سے نکالنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

# سریاب کے عوام بنیادی سہولتوں سے یکسر محروم ہیں، ذوالفقار طارقی

کوئٹہ (پ ر) اہل سنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارقی قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی تمام تر دعوؤں کے باوجود سریاب آج بھی بنیادی سہولتوں سے یکسر محروم دکھائی دیتا ہے عوامی نمائندوں، خصوصاً ایم این اے اور ایم پی اے کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ خود مختلف علاقوں کا دورہ کریں، گلی محلوں میں جا کر عوام کے مسائل سنیں اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کریں۔ افسوس کا مقام ہے کہ کئی سال گزر جانے کے باوجود نہ تو باقاعدہ سروے کیے گئے اور نہ ہی عوامی مسائل کو سرکاری سطح پر سنجیدگی سے حل کیا گیا۔ شیخ زید اسپتال سے مشینری کی منتقلی ایک انتہائی افسوسناک اور ناقابل فہم عمل ہے۔ اربوں کروڑوں کے فنڈز کے باوجود سرکاری اسپتال آج بھی بنیادی سہولتیں فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں۔ ادویات کی شدید قلت ہے، اور مریضوں کو اسپتالوں میں دوائیں تک دستیاب نہیں ہوتیں، جس کے باعث غریب عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ دوسری جانب، سردیوں میں گیس کی قلت اور گرمیوں میں ٹینکر مافیا کا راج عوام کے لیے عذاب بن چکا ہے۔ اگر مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا جائے تو اس وقت سب سے بڑا بحران پانی کا ہے۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated 06 MAY 2026

Page No. 27


# بلوچستان میں پائیدار امن کیلئے سیاسی یکجہتی ضروری

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ اسلام آباد میں ان سے اہم ملاقات کی، جس میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، امن وامان اور حالیہ پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے صوبے میں امن واستحکام کے قیام، سیاسی ہم آہنگی کے فروغ اور مختلف عوامی و انتظامی امور پر بھی گفتگو کی۔ بلوچستان جیسے حساس اور طویل عرصے سے پیچیدہ مسائل کا شکار صوبے میں سیاسی مکالمہ اور ہم آہنگی کی ہر سنجیدہ کوشش نہایت اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے اسلام آباد میں ملاقات اسی سلسلے کی ایک مثبت کڑی ہے، جو اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ سیاسی قیادت اب محاذ آرائی کے بجائے مکالمے کے راستے کو ترجیح دینے کی جانب مائل ہو رہی ہے۔ بلوچستان کی سیاسی وسیکیورٹی صورتحال ہمیشہ سے ایک نازک توازن کی متقاضی رہی ہے۔ یہاں بدامنی، محرومیوں، اعتماد کے فقدان جیسے مسائل نے نہ صرف ترقی کی رفتار کو متاثر کیا بلکہ ریاستی اداروں اور عوام کے درمیان فاصلے بھی پیدا کیے۔ ایسے میں اگر سیاسی اور مذہبی قیادت ایک میز پر بیٹھ کر مسائل کے حل کی بات کرے تو یہ ایک خوش آئند پیش رفت سمجھی جانی چاہیے۔ ملاقات میں زیر بحث آنے والے موضوعات — امن وامان، سیاسی استحکام، مدارس سے متعلق امور اور عوامی مسائل — اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ فریقین محض رسمی گفتگو تک محدود نہیں رہے بلکہ انہوں نے ان حساس نکات کو بھی زیر غور لایا جو اکثر تنازعات کو جنم دیتے ہیں۔ مدارس کے حوالے سے حالیہ مسائل پر باہمی افہام وتفہیم کے ذریعے حل تلاش کرنے پر اتفاق خاص طور پر اہم ہے، کیونکہ یہ معاملہ نہ صرف مذہبی حساسیت رکھتا ہے بلکہ اس کے سماجی وسیاسی اثرات بھی گہرے ہوتے ہیں۔ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے صرف سیکیورٹی اقدامات کافی نہیں۔ اس کے لیے ایک جامع سیاسی حکمت عملی درکار ہے جس میں تمام اسٹیک ہولڈرز — سیاسی جماعتیں، مذہبی رہنما، قبائلی عمائدین اور سول سوسائٹی — کو شامل کیا جائے۔ میر سرفراز بگٹی کا یہ بیان کہ حکومت تمام جماعتوں کے ساتھ رابطے جاری رکھے گی، ایک درست سمت کی نشاندہی کرتا ہے، لیکن اس عزم کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا اصل امتحان ہوگا۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ بلوچستان کے مسائل محض داخلی نوعیت کے نہیں بلکہ ان کے علاقائی اور بین الاقوامی پہلو بھی ہیں۔ اس لیے سیاسی استحکام کو مضبوط کرنے کے ساتھ ساتھ عوامی اعتماد کی بحالی، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور ترقیاتی منصوبوں کی شفاف تکمیل بھی ناگزیر ہے۔ جب تک عام آدمی کو یہ محسوس نہیں ہوگا کہ ریاست اس کے مسائل کے حل میں سنجیدہ ہے، اس وقت تک پائیدار امن کا خواب ادھورا رہے گا۔ مولانا فضل الرحمان جیسے بااثر مذہبی وسیاسی رہنما سے مشاورت اس لیے بھی اہم ہے کہ ان کی جماعت ملک کے مختلف حصوں میں اثر ورسوخ رکھتی ہے اور مذہبی طبقات کی نمائندگی کرتی ہے۔ ان کی شمولیت سے نہ صرف پالیسیوں کو وسیع تر قبولیت مل سکتی ہے بلکہ ممکنہ اختلافات کو بھی کم کیا جا سکتا ہے۔ بلوچستان میں امن واستحکام کا راستہ بندوق سے نہیں بلکہ بات چیت، برداشت اور سیاسی بلوغت سے ہو کر گزرتا ہے۔ اگر ایسے روابط تسلسل کے ساتھ جاری رہیں اور ان کے نتائج عملی صورت میں سامنے آئیں تو یہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے ایک مثبت تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: MEEZAN QUETTA
06 MAY 2026
Bullet No. 6
No. 28

# عوام کیلئے ایک اور سہولت کا اعلان!

اس سے قبل بھی ان ہی سطور میں اس بات کا ذکر متعدد بار کیا جا چکا ہے کہ میر سرفراز بگٹی نے جب سے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے وہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر کام کر رہے ہیں انہوں نے اپنے دور اقتدار میں اب تک عوامی مفاد کے کافی اقدامات کئے ہیں جن سے عوام کے مسائل تیزی سے حل ہو رہے ہیں۔انہوں نے اب تک ایسے اقدامات کئے ہیں جو سابقہ حکومتیں نہیں کر پائیں۔موجودہ صوبائی حکومت نے صحت، تعلیم اور دیگر شعبوں میں نہ صرف تعمیری کام کئے ہیں بلکہ مزید بہتری کے اقدامات کر رہی ہے۔صوبائی حکومت نے عوام کو اندرون شہر سستا اور معیاری سفر فراہم کرنے کے لیے گرین اور پنک بسوں کو چلایا جس سے روزانہ عوام کی ایک بہت بڑی تعداد مستفید ہو رہی ہے۔اس طرح سکوٹیز بھی ارزاں نرخوں پر قرعہ اندازی کے ذریعے دی جا رہی ہیں۔موجودہ حکومت نے عوام کو اندرون شہر بہترین سروس فراہم کرنے کے علاوہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے کچلاک تک پیپلز ٹرین کے نام سے لوکل ٹرین کا آغاز کرنے کا فیصلہ بھی کیا ہے اس سلسلے میں وفاق سے معاملات طے ہو گئے ہیں۔گزشتہ روز وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے خوشخبری سنائی ہے کہ پیپلز ٹرین کا افتتاح 14 اگست کو کر دیا جائے گا۔

گزشتہ روز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں عوام کے مفاد میں ایک اور بڑے اقدام کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز ایئر ایمبولینس عوامی خدمت کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ایئر ایمبولینس سروس کے آغاز سے صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں رہنے والے مریضوں کو بروقت ہنگامی طبی امداد کی فراہمی ممکن ہو سکے گی۔یہ جدید سہولت شدید زخمی اور نازک حالت کے مریضوں کو بڑے شہروں کے ہسپتالوں تک منتقل کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔ایئر ایمبولینس کا باقاعدہ افتتاح چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کریں گے۔یہ منصوبہ بلوچستان کی تاریخ میں اپنی نوعیت کا پہلا انقلابی اقدام ہے جو صحت کے شعبے میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا پیپلز ایئر ایمبولینس عوامی خدمت کے لیے مکمل تیار ہونے سے متعلق مذکورہ بیان قابل تعریف اور قابل تحسین ہے یہ عوام کے بہترین مفاد میں ہے اس سے شدید زخمی اور تشویشناک حالت کے مریضوں کو دیگر شہروں کے ہسپتالوں تک منتقل کرنے میں آسانی ہوگی اور وہاں ان کا علاج کیا جا سکے گا۔یہ اقدام بلوچستان میں ایک تاریخی حیثیت رکھتا ہے اس سے قبل ایسا اقدام نہیں کیا گیا۔

یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت کے اس تاریخی اقدام میں شفافیت ہونی چاہئیں تاکہ حقدار اس سے محروم نہ ہوں کیونکہ ایسے معاملات میں اکثر گڑبڑ ہو جاتی ہے جس سے نظام میں شفافیت نہیں رہتی جو کہ بلاشبہ تشویشناک بات ہے۔وزیر اعلیٰ بلوچستان کو اس میں چیک اینڈ بیلنس کا نظام نافذ کرنے کی ہدایت اور اس کی نگرانی خود کرنی چاہیے تاکہ اس سے ہر آدمی مستفید ہو سکے۔

CS CamScanner